## The Crescent Textile Mills Limited

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that Seventy Sixth (76th) Annual General Meeting (AGM) of the members of The Crescent Textile Mills Limited (the "Company") will be held on Tuesday, October 28, 2025 at 12:00 p.m. at the registered office of the Company, Sargodha Road, Faisalabad, to transact the following business:

Ordinary Business:

1 To receive, consider and adopt the Audited Financial Statements of the Company for the year ended June 30, 2025 together with the Chairman's Review, Directors' and Auditors' Reports thereon.

2 To appoint Auditors of the Company and fix their remuneration. The members are hereby notified that the Audit Committee and the Board of Directors have recommended the re-appointment of the retiring auditors, M/s. Riaz Ahmad and Company, Chartered Accountants, who, being eligible, have offered themselves for re-appointment.

By Order of the Board
(Sajjad Heussain)
Company Secretary

Faisalabad, October 07, 2025

Notes:

1. **Closure of share transfer books**
The Share Transfer Books of the Company will remain closed from October 22, 2025 to October 28, 2025 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of our Share Registrar, M/s. CorpTec Associates (Pvt) Limited, 503-E, Johar Town, Lahore by the close of business on October 21, 2025, will be considered in time for the purpose of entitlement (if any) and for attending and voting at the AGM.

2. **Participation in annual general meeting (AGM) through electronic means**
The members who intend to participate in the AGM through electronic means are hereby requested to register themselves with the Company Secretary's Office by sending a clear copy of both sides of their valid Computerized National Identity Card (CNIC), along with their name, folio number, cell number, and number of shares held, at least 48 hours before the time of the AGM, to the Company at sajjad.hussain@ecrestex.pk . Upon receipt of the above information and documents from interested members, the Company will provide login credentials to enable their participation in the AGM via electronic means.

**Requirements for Attending the AGM**

a. In the case of individuals, the CDC account holders, sub-account holders, and/or persons whose securities are held in a group account and whose registration details are uploaded as per the CDC Regulations shall authenticate their identity by presenting their original valid Computerized National Identity Card (CNIC) or original valid passport at the time of attending the meeting.

b. In the case of a corporate entity, a Board of Directors' resolution or power of attorney, along with the specimen signature of the nominee and his/her original valid Computerized National Identity Card (CNIC) or original valid passport, shall be produced at the time of attending the meeting (if not already provided earlier).

4. **Proxy**
A member entitled to participate and vote at this meeting is also entitled to appoint a proxy to participate and vote on his/her behalf. To be valid, proxy forms must be duly stamped, signed, and received at the Registered Office of the Company not later than 48 hours before the time of the meeting. The proxy form must be witnessed by two persons, whose names, addresses, and CNIC numbers shall be stated on the form. Copies of the valid CNIC or passport of both the member and the proxy shall also be furnished with the proxy form.

5. **Circulation of Annual Reports**
Pursuant to the Securities and Exchange Commission of Pakistan's notification S.R.O. 389(I)/2023 dated March 21, 2023, the members of The Crescent Textile Mills Limited had accorded their consent for circulation of the annual balance sheet, profit and loss account, auditor's report, and other documents (the 'Annual Audited Financial Statements') to the members through a QR-enabled code and weblink.

The Company has placed a copy of the Notice of AGM, the Annual Financial Statements for the year ended June 30, 2025, together with the Auditors' and Directors' Reports, the Chairman's Review, and other relevant information on its website: www.crescenttextile.com. The same can be accessed through the following weblink and QR code:

Weblink: https://www.crescenttextile.com/pages/financials/#1687595520449-26d943cf-dcc4
QR Code:

The Company has electronically transmitted the Notice of AGM and the Annual Report 2025 via email to members whose email addresses are available with the Share Registrar. Printed notices of the AGM, along with the weblink and QR code to download the Annual Report, have been dispatched to all members. However, the Company will provide hard copies of the Annual Report to any member upon request free of cost, within one week of receiving such a request, if the request is made by the member using the standard request form available on the Company's website www.crescenttextile.com or by email at sajjad.hussain@ecrestex.pk.

6. **CNIC/IBAN for E-Dividend Payment**

Pursuant to Section 242 of the Companies Act, 2017, members are requested to provide their CNIC and bank account details, including the name of the bank, address of the branch, and International Bank Account Number (IBAN), in order to receive their cash dividend directly into their bank account. All members who have not yet provided these details are reminded to immediately submit a copy of their valid CNIC along with the duly filled 'Dividend Bank Mandate Form' to the Company's Share Registrar. In the absence of valid bank account details and CNIC, the dividend amount will be withheld in compliance with the provisions of the Act and the regulations issued by the Commission. The 'Dividend Bank Mandate Form' is available on the Company's website.

Members holding shares in CDC accounts are requested to provide their bank mandate details directly to their respective CDC participants.

7. **Unclaimed Dividend and Bonus Shares under section 244 of the Companies Act, 2017**

Members who, for any reason, could not claim their dividends or bonus shares, or did not collect their physical share certificates (if any), are advised to contact our Share Registrar, M/s. CorpTec Associates (Private) Limited, 503-E, Johar Town, Lahore, to enquire about and collect their unclaimed dividends or uncollected share certificates.

8. **Conversion of Physical Shares into Book-Entry Form**

As per Section 72 of the Companies Act, 2017 every company is required to replace its physical shares with book-entry form. Members having physical shares are therefore requested to open CDC sub-account with any of the brokers or Investor Account directly with CDC to place their physical shares into book-entry form. This will facilitate them in many ways including safe custody/online trading of shares, easy transfer of ownership, no risk of damage/lost/duplicate shares, instant credit of entitlements (bonus/right issue) etc.

9. **Video Conference Facility**

Pursuant to the provisions of the Companies Act, 2017, if the Company receives a demand from members holding, in aggregate, 10% or more of the shareholding and residing in a particular geographical location to participate in the meeting through video conference, the Company will arrange such a facility in that city, subject to its availability.

The demand for a video conference facility must be received at the registered address of the Company at least seven (07) days before the date of the Annual General Meeting, on the standard form available on the Company's website: www.crescenttextile.com.

10. **Change of address**

Members are requested to promptly notify to the Company's Share Registrar of any change in their addresses.

11. **No Gifts at AGM**

Members are hereby informed that no gifts will be distributed at the Annual General Meeting.

# دی کریسنٹ ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

# اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

اطلاع دی جاتی ہے کہ کریسنٹ ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے ارکان کا چھہترواں (76واں) سالانہ اجلاسِ عام (AGM) 28 اکتوبر 2025 بروز منگل، دوپہر 12:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، سرگودھا روڈ، فیصل آباد میں منعقد ہوگا، تاکہ درج ذیل امور نمٹائے جا سکیں:

عمومی کارروائی:

1۔ کمپنی کے 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے مالی سال کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، چیئرمین کا جائزہ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس سمیت وصول کرنے، ان پر غور کرنے اور انہیں منظور کرنے کے لیے۔

2۔ کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین کرنے کے لیے۔

اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز، میسرز ریاض احمد اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، کی دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے، جو کہ اہل ہونے کے ناطے دوبارہ تقرری کے خواہشمند ہیں۔

بحکم بورڈ

(سجاد حسین)

کمپنی سیکرٹری

مؤرخہ: 7 اکتوبر 2025ء فیصل آباد

نوٹس:

1۔ شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 22 اکتوبر 2025 سے 28 اکتوبر 2025 تک (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز کارپ ٹیک ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، دفتر واقع E-503، جوہر ٹاؤن، لاہور میں 21 اکتوبر 2025 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والی تمام منتقلیاں بروقت تصور کی جائیں گی تاکہ استحقاق (اگر کوئی ہو) اور سالانہ جنرل میٹنگ میں شرکت ورائے دہی کا حق حاصل ہو سکے۔

2۔ سالانہ جنرل میٹنگ (AGM) میں الیکٹرانک ذرائع سے شرکت

وہ ممبران جو سالانہ جنرل میٹنگ میں الیکٹرانک ذرائع سے شرکت کے خواہش مند ہیں، ان سے گزارش ہے کہ وہ میٹنگ کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی سیکرٹری کے دفتر میں اپنی رجسٹریشن کروائیں۔ رجسٹریشن کے لیے اپنے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی دونوں اطراف کی واضح کاپی، اپنا نام، فولیو نمبر، موبائل نمبر، اور شیئرز کی تعداد درج ذیل ای میل پر بھیجیں: sajjad.hussain@ecrestex.pk۔ درخواست اور مطلوبہ معلومات موصول ہونے پر، کمپنی متعلقہ ممبران کو AGM میں الیکٹرانک شرکت کے لیے لاگ ان کی تفصیلات فراہم کرے گی۔

3۔ سالانہ جنرل میٹنگ میں شرکت کے لیے ضروری کوائف

(الف) افراد کی صورت میں: سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز، سب اکاؤنٹ ہولڈرز، یا وہ افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں رکھی گئی ہوں اور جن کی رجسٹریشن تفصیلات سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اپلوڈ کی گئی ہوں، وہ میٹنگ میں شرکت کے وقت اپنا اصل درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل درست پاسپورٹ پیش کر کے اپنی شناخت کی تصدیق کریں گے۔

(ب) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں: بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی، نامزد شخص کے دستخط کا نمونہ، اور اس کا اصل درست شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل درست پاسپورٹ میٹنگ کے وقت پیش کرنا لازم ہوگا (اگر پہلے سے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

4۔ پراکسی (نمائندگی)

ایسا رکن جو اس اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ہو، وہ کسی دوسرے شخص کو بھی اپنی جگہ شرکت اور رائے دہی کے لیے نمائندہ (پراکسی) مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی فارم قابلِ قبول اسی وقت ہوگا جب وہ مناسب طور پر اسٹامپ شدہ، دستخط شدہ ہو اور اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں موصول ہو جائے۔ پراکسی فارم پر دو گواہوں کے دستخط لازم ہیں، جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبرز فارم پر درج ہوں۔ رکن اور اس کے مقرر کردہ نمائندہ دونوں کے درست شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی نقول بھی پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کرنا ضروری ہے۔

5۔ سالانہ رپورٹ کی ترسیل

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے نوٹیفکیشن S.R.O. 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے تحت، دی کریسنٹ ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کے ارکان نے اس بات پر رضامندی ظاہر کی تھی کہ سالانہ بیلنس شیٹ، منافع و نقصان کا گوشوارہ، آڈیٹرز کی رپورٹ اور دیگر متعلقہ دستاویزات (یعنی "سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی بیانات") ارکان کو QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے فراہم کیے جائیں گے۔

# دی کریسنٹ ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

# اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

کمپنی نے سالانہ عمومی اجلاس کے نوٹس، سالانہ مالیاتی بیانات برائے سال اختتام پذیر 30 جون 2025، آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس، چیئرمین کا جائزہ اور دیگر متعلقہ معلومات اپنی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دی ہیں:

ویب لنک: https//:www.crescenttextile.com/pages/financials/#1687595520449-26d943cf-dcc4

کمپنی نے سالانہ عمومی اجلاس (AGM) کا نوٹس اور سالانہ رپورٹ 2025 اُن ارکان کو بذریعہ ای میل ارسال کر دی ہے جن کے ای میل پتے شیئر رجسٹرار کے پاس دستیاب ہیں۔ AGM کے طباعتی نوٹس، سالانہ رپورٹ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے ویب لنک اور QR کوڈ کے ساتھ، تمام ارکان کو بھیج دیے گئے ہیں۔ تاہم، کمپنی کسی بھی رکن کی درخواست پر سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپی بلا معاوضہ فراہم کرے گی، بشرطیکہ یہ درخواست کمپنی کی ویب سائٹ www.crescenttextile.com پر دستیاب معیاری درخواست فارم کے ذریعے یا ای میل ایڈریس sajjad.hussain@ecrestex.pk پر بھیجی جائے۔ ہارڈ کاپی ایک ہفتے کے اندر فراہم کر دی جائے گی۔

6۔ ای-ڈیویڈنڈ ادائیگی کے لیے IBAN/CNIC:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کے مطابق، اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے CNIC اور بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات فراہم کریں، جن میں بینک کا نام، برانچ کا پتہ، اور بین الاقوامی بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) شامل ہوں، تاکہ ان کا نقد ڈیویڈنڈ براہِ راست ان کے بینک اکاؤنٹ میں منتقل کیا جا سکے۔ جو اراکین ابھی تک یہ معلومات فراہم نہیں کر سکے، انہیں فوری طور پر اپنے درست CNIC کی کاپی اور مکمل شدہ ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ فارم کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کروانے کی یاددہانی کرائی جاتی ہے۔ اگر بینک اکاؤنٹ کی درست تفصیلات اور CNIC فراہم نہ کی گئیں تو کمپنی ایکٹ اور کمیشن کے قواعد و ضوابط کے مطابق ڈیویڈنڈ کی رقم روک دی جائے گی۔ ''ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ فارم'' کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

CDC اکاؤنٹس میں حصص رکھنے والے اراکین سے درخواست ہے کہ وہ اپنے متعلقہ CDC پارٹیسپینٹس کو براہِ راست اپنے بینک مینڈیٹ کی تفصیلات فراہم کریں۔

7۔ غیر وصول شدہ ڈیویڈنڈ اور بونس شیئرز (کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 244 کے تحت)

وہ ارکان جنہوں نے کسی وجہ سے اپنا ڈیویڈنڈ یا بونس شیئرز وصول نہیں کیے، یا اپنے فزیکل شیئر سرٹیفکیٹ (اگر کوئی ہیں) وصول نہیں کیے، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار، ایم/ایس کارپ ٹیک ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 503-ای، جوہر ٹاؤن، لاہور سے رابطہ کریں تاکہ اپنے غیر وصول شدہ ڈیویڈنڈ یا غیر حاصل شدہ شیئر سرٹیفکیٹس کے بارے میں معلومات حاصل کریں اور انہیں وصول کر سکیں۔

8۔ فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 کے مطابق ہر کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا لازمی ہے۔ لہٰذا، جو ارکان فزیکل شیئرز کے حامل ہیں، انہیں درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کے ساتھ یا براہِ راست CDC میں انویسٹر اکاؤنٹ کھول کر اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں منتقل کرائیں۔ اس سے انہیں کئی فوائد حاصل ہوں گے، جن میں محفوظ تحویل/ آن لائن ٹریڈنگ، ملکیت کی آسان منتقلی، شیئرز کے ضیاع/ گمشدگی/ نقل کے خطرے سے بچاؤ، استحقاق کا فوری کریڈٹ (بونس/رائٹ ایشو) شامل ہیں۔

9۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت

کمپنیز ایکٹ 2017 کے مطابق، اگر کمپنی کو ایسے ارکان کی طرف سے درخواست موصول ہو جو مجموعی طور پر کمپنی کے 10 فیصد یا اس سے زیادہ حصص کے حامل ہوں اور ایک مخصوص جغرافیائی مقام پر رہائش پذیر ہوں، اور وہ میٹنگ میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کرنا چاہیں، تو کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرے گی، بشرطیکہ یہ سہولت دستیاب ہو۔

ویڈیو کانفرنس کی سہولت کی درخواست کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر پر سالانہ جنرل میٹنگ کی تاریخ سے کم از کم سات (07) دن قبل کمپنی کی ویب سائٹ www.crescenttextile.com پر دستیاب معیاری فارم پر جمع کروانی ہوگی۔

10۔ پتے کی تبدیلی

ارکان سے درخواست ہے کہ اپنے پتوں میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کو فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اطلاع دیں۔

11۔ AGM میں کوئی تحفہ نہیں

ارکان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سالانہ عمومی اجلاس میں کوئی تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔